# خواتین کھلاڑیوں کا وسیم اکرم اوربابراعظم کے لیکچرز سے حاصل تجربے کو آن فیلڈ کامیابی میں بدلنے کا عزم

- ان سیشنزکے ذریعے کرکٹرز میں کھیل کو مؤثر انداز میں سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوگی، بسمہ معروف
- ایمن انور نے وسیم اکرم کے مشوروں کو اپنے مستقبل کے لیے اہم قرار دیا
- وسیم اکرم نے بطور فاسٹ باؤلر دباؤ برداشت کرنے اور فٹنس برقرار رکھنے کےحوالے سے ٹپس دیں، ڈیانا بیگ
- جو کچھ سیکھا،حالات کے معمول پر آتے ہی اس پرعمل کرنے کوشش کروں گی، منیبہ علی
- بابراعظم کی مستقبل کے بارے میں منصوبہ بندی اوراہداف کی تیاری سے متعلق جاننا بہترین تجربہ رہا، ارم جاوید

**لاہور،6مئی 2020ء:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم نے رواں ہفتے کے آغازمیں ماضی او ر دور حاضر کے اعلیٰ کرکٹرز کے آن لائن سیشنز کا سلسلہ ترتیب دینے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

پاکستان کرکٹ بورڈ نےقومی خواتین کرکٹ ٹیم کی موجودہ کھلاڑیوں اور ایمرجنگ کرکٹرز کے لیے وسیم اکرم اور بابراعظم کے علیحدہ علیحدہ آن لائن سیشنز کا اہتمام کیا جہاں مجموعی طور پر 35 خواتین کرکٹرز کو مختلف حالات میں جامع حکمت عملی اپنانے سے متعلق مشورے دئیے گئے ۔

آئی سی سی ہال آف فیم کے رکن اور ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ وکٹیں حاصل کرنے والے فاسٹ باؤلر وسیم اکرم اور قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کےکپتان بابراعظم، دونوں نے خواتین کھلاڑیوں کے لیے منعقدہ سیشنز میں محنت اور فٹنس کی اہمیت پر زوردیا۔انہوں نے بین الاقوامی کرکٹ میں کامیابی کے لیے خواتین کرکٹرز کو برداشت اور مثبت سوچ پیدا کرنے کی ہدایت کی۔

**بسمہ معروف، کپتان قومی خواتین کرکٹ ٹیم:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان بسمہ معروف کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں ان سیشنز سے خواتین کھلاڑیوں کے کھیل میں نکھار آئے گا۔بسمہ معروف نے کہا کہ دنیائے کرکٹ کی تاریخ کےچند عظیم کرکٹرز میں شامل وسیم اکرم کے سیشنز سے کھلاڑیوں کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔کپتان نے کہا کہ یہ سیشنز تمام کھلاڑیوں کےلیےبہت متاثرکن رہے۔

انہوں نے کہا کہ شاندار بلے بازی کی صلاحیتوں سے مالا مال بابر اعظم کو سننا بھی ایک شاندار لمحہ تھا جہاں انہوں نے مختلف کنڈیشنز میں میچزکے لیے اپنی تیاری کے بارے میں بتایا۔ بسمہ معروف نے آن لائن سیشنز میں شرکت کرنے پر وسیم اکرم اور بابر اعظم کا شکریہ بھی ادا کیا۔

**ایمن انور:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی فاسٹ باؤلر ایمن انور نے وسیم اکرم کا آن لائن سیشن منعقد کروانے پر پی سی بی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ لیجنڈری کرکٹر کے مفید مشوروں پر عمل کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ سیشن کے دوران وسیم اکرم نے ٹی ٹونٹی کرکٹ میں نپی تلی باؤلنگ کرنے اور حریف بیٹر کا ذہن پڑھنےسے متعلق بھی مفید مشورے دئیے۔

ایمن انور نےکہا کہ سیشن کے دوران وسیم اکرم نے اپنے کیرئیر میں سے چند مثالیں دیں جس سے بہت فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا وہ پرامید ہیں کہ یہ سیشن ان کی مجموعی کارکردگی میں بہتری لانے کا سبب بنے گا۔

**ڈیانا بیگ:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی فاسٹ باؤلر ڈیانا بیگ کاکہنا ہےکہ وہ وسیم اکرم کے آن لائن سیشن سے بہت متاثر ہوئی ہیں،عظیم فاسٹ باؤلر نےانہیں باؤلنگ میں مختلف ویری ایشنز اپنانے کے بارے میں بتایا۔

ڈیانا بیگ نے کہا کہ وسیم اکرم نے ایک باؤلر کی حیثیت سے دباؤ برداشت کرنے اور اپنی فٹنس کے معیار کو برقرار رکھنے سے متعلق مفید مشورے دئیے۔

**منیبہ علی:**

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی بیٹر منیبہ علی کا کہنا ہے کہ بابراعظم ایک اعلیٰ بلے باز ہیں جن کی آن لائن ٹپس سےانہیں اپنی بیٹنگ کی صلاحیتوں میں نکھار لانے کا موقع ملے گا۔

منیبہ علی نے کہا کہ انہوں نے بابراعظم سے مشکل صورتحال میں اننگز کا پراعتماد آغاز اور پھر اسے لمبی اننگزمیں تبدیل کرنے کا فن سیکھنے کی کوشش کی ہے،جو کچھ سیکھا،حالات کے معمول پر آتے ہی اس پرعمل کی کوشش کروں گی۔

**ارم جاوید:**

ارم جاوید کا کہنا ہےکہ بابراعظم کے آن لائن سیشن میں شرکت کرنا ایک پرجوش لمحہ تھا۔انہوں نے کہا کہ بابراعظم نے ایک کھلاڑی اور کپتان دونوں کی حیثیت سے دباؤ برداشت کرنے سے متعلق ٹپس دیں ۔

ارم جاوید نے کہا کہ بابراعظم کی مستقبل کے بارے میں منصوبہ بندی اوراپنے اہداف کی تیاری سے متعلق جاننا بہت شاندار تجربہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس سیشن سے حاصل ہونے والا تجربہ میدان میں لاگو کریں گی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners


www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4